میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

ہفتہ، 25 رجب، 1438ھ | 22/04/2017 | نمبر: PR17025

راحیل فوجی اتحاد کی سربراہی امریکی بالادستی کے لیے کر رہا ہے

41 مسلم ممالک کی افواج کے اتحاد کو مقبوضہ کشمیر، مسجد الاقصی اور شام کی آزادی کے لیے حرکت میں کیوں نہیں لایا گیا؟!!!

ریٹائرڈ آرمی چیف، جنرل راحیل شریف 41 مسلم ممالک کے فوجی اتحاد کی سربراہی کے لیے سعودی عرب روانہ ہو گئے۔ اس حوالے سے 21 اپریل 2017 کو وزیر دفاع خواجہ آصف نے محتاط بیان دیتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے " قانونی اور دیگر ضروریات پوری کرنے کے بعد فوجی اتحاد کی سربراہی کرنے کی اجازت دی ہے"۔ مسلمانوں کو دھوکہ دینے کے لیے حکومت نے فوجی اتحاد کے حوالے سے ہونے والی بحث کو صرف اس نقطے پر مرکوز رکھا کہ کیا راحیل کو فوجی اتحاد کی سربراہی کرنے کی اجازت ہے یا نہیں۔ لیکن فوجی اتحاد کا مسئلہ صرف اس کی سربراہی تک محدود نہیں ہے بلکہ اصل بات یہ ہے کہ اس کے بنانے کا مقصد کیا ہے، یہ کہاں کارروائیاں کرے گی اور کہاں اسے کارروائی کرنے کی اجازت نہیں ہو گی!

لہٰذا ہم حکومت سے پوچھتے ہیں آخر اس فوجی اتحاد کو آج کے حقیقی "دہشت گردوں"، مقبوضہ کشمیر میں بھارتی افواج، مسجد الاقصی اور اس کی مبارک سرزمین پر قابض یہودی وجود اور شام میں کیمیائی حملے کرنے والی مجرم بشار حکومت، کے خلاف حرکت میں کیوں نہیں لایا گیا؟ چونکہ ہم جانتے ہیں کہ یہ حکومت اپنے ذہن سے کچھ نہیں سوچتی بلکہ اپنے آقا امریکہ کے احکامات پر چلتی ہے، تو ہم اس سوال کا واضح جواب دیتے ہیں کہ سعودی فوجی اتحاد اسلام اور مسلمانوں کے لیے تو بالکل بھی نہیں بنا۔ اس فوجی اتحاد کا اصل مقصد، مشرق وسطی میں امریکہ کی بالادستی کو قائم رکھنے کے لیے اسے آخری ڈھال کے طور پر استعمال کرنا ہے جس کو اپنی بقاء کے حوالے سے اسلامی تبدیلی کی چلنے والی لہروں سے خطرہ لاحق ہے، اسلام اور مسلمانوں کا نام تو اس فوجی اتحاد کے اصل مقصد پر پردہ ڈالنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ اس فوجی اتحاد کا مقصد مسلم دنیا میں امریکہ کی بالادستی کو لاحق کسی بھی خطرے کو "دہشت گردی" قرار دے کر اس سے لڑنا ہے۔ تو درحقیقت اس سعودی فوجی اتحاد کی نگاہ میں جو قابض افواج سے مقبوضہ کشمیر میں لڑتے ہیں، یا جو فلسطین میں یہودی وجود سے لڑتے ہیں، یا بشار حکومت سے لڑتے ہیں، وہ "دہشت گرد" ہیں۔ اور جو اس فوجی اتحاد کا اصل سربراہ ہے، سعودی حکومت کا آقا، امریکہ، تو وہ کبھی بھی امت محمد ﷺ کی مسلم افواج کو اس بات کی اجازت نہیں دے گا کہ وہ اپنی بندوقوں، توپوں اور میزائلوں کا رخ ہندو ریاست، یہودی وجود اور بشار حکومت کی جانب کر دیں۔

افواج پاکستان کے مخلص افسران! حزب التحریر آپ میں موجود خیر کو جانتی ہے کیونکہ آپ کے سینے اللہ سبحانہ و تعالیٰ، اس کے رسول ﷺ اور ایمان والوں کی محبت سے لبریز ہیں۔ حزب جانتی ہے کہ آپ افغانستان پر امریکی قبضے اور اس بات سے پریشان ہیں جب امریکہ اپنے قومی مفادات کو یقینی بنانے کے لیے آپ سے مطالبے کرتا ہے جو اس کی بزدل افواج نہیں کر سکتیں، اور اب اپنے مطالبوں کو آپ سے منوانے کے لیے امریکہ فضاء سے "بموں کے ماں" کو زمین پر دے مارتا ہے تا کہ آپ خوفزدہ ہو جائیں۔ حزب جانتی ہے کہ آپ "تحمل" کی پالیسی پر سخت غصے میں ہیں جبکہ ہندو مشرک افواج مقبوضہ کشمیر میں ہمارے مسلمان بھائیوں اور بہنوں کے خلاف کھلی جنگ لڑ رہی ہیں، انہیں بے عزت، قتل، زخمی اور اندھا کر رہی ہیں۔ حزب جانتی ہے کہ اگر آپ کو مسجد الاقصی کی آزادی کے لیے حرکت میں لایا جائے، جس پر نجس یہودی وجود کا قبضہ آپ کو غضبناک کرتا ہے، تو آپ کا دل اور پورا وجود جوش جذبے سے بھر جائیں گے۔ اور حزب جانتی ہے کہ شام اور یمن میں بیرونی مداخلت پر آپ کا خون غصے سے جوش مارتا ہے، جس کی وجہ سے مسلمان شدید مصائب کا سامنا کر رہے ہیں اور ان مصائب سے عورتیں، بچے اور بوڑھے تک شدید متاثر ہو رہے ہیں۔
چونکہ ہم آپ کو اور آپ میں موجود خیر کو جانتے ہیں، اس لیے حزب التحریر آپ سے مطالبہ کرتی ہے کہ امت محمد ﷺ کی صورتحال کو تبدیل کر دیں۔ ہم آپ سے یہ مطالبہ اس لیے کر رہے ہیں کیونکہ آپ اس کی پوری صلاحیت رکھتے ہیں، آپ ہی وہ شیر ہیں جن کو زنجیریں ڈالی ہوئی ہیں اور اب انہیں ہر صورت توڑنا ہے۔ ان زنجیروں کو خود اپنے ہاتھوں سے کاٹ ڈالیں اور نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کے لیے حزب التحریر کو اس کے امیر، شیخ عطاء بن خلیل ابو الراشتہ کی قیادت میں نصرۃ فراہم کریں جو ایک مشہور فقیہ اور ذہین رہنما ہیں۔ ان زنجیروں کو خود اپنے ہاتھوں سے کاٹ ڈالیں تا آپ لڑنے کے لیے آزاد ہو جائیں، شہادت حاصل کریں اور ان

لوگوں کے خلاف فاتح بن کر سامنے آئیں جو بہت عرصے سے مسلمانوں کو تباہ برباد کر رہے ہیں۔ توڑ ڈالیں زنجیروں کو، بھائیوں توڑ ڈالیں ان زنجیروں کو جنہوں نے ذلت و رسوائی ہی دی ہے، اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لیے مدد فراہم کریں اور خلیفہ راشد کی قیادت میں کامیابی کے لیے چل پڑیں۔

(يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تَنْصُرُوا اللَّهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ * وَالَّذِينَ كَفَرُوا فَتَعْسًا لَهُمْ وَأَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ * ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَرِهُوا مَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ)

"اے ایمان والو! اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہیں ثابت قدم رکھے گا۔ اور جو لوگ کافر ہوئے انہیں ہلاکت ہو، اللہ ان کے اعمال غارت کر دے گا۔ یہ اس لیے کہ وہ اللہ کی نازل کردہ چیز سے ناخوش ہوئے پس اللہ تعالیٰ نے (بھی) ان کے اعمال ضائع کر دیے" (محمد: 9-7)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس